سوال

(121) صحیح ابن خزیمہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا صحیح ابن خزیمہ کی تمام روایات صحیح ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح ابن خزیمہ کی وہ تمام روایات، جنھیں امام ابن خزیمہ نے روایت کرکے کوئی جرح نہیں کی، امام ابن خزیمہ کے نزدیک صحیح ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس تصحیح کے ساتھ ہر عالم متفق ہو۔

صحیح ابن خزیمہ کی عام روایات صحیح و حسن ہیں لیکن بعض روایات ہماری تحقیق میں ضعیف ہیں اور اسی طرح دوسرے لوگوں نے بھی بعض روایات پر اصولِ حدیث اور اسماء الرجال کی روشنی میں جرح کی ہے۔ جس کی دلیل قوی ہوگی، اسی کی بات راجح ہے۔

یاد رہے کہ صحت کے لحاظ سے صحیح ابن حبان اور المستدرک دونوں سے صحیح ابن خزیمہ بہتر ہے۔ کسی روایت پر صحیح کا حکم لگانے میں غلطی ہوجانا علیحدہ مسئلہ ہے لیکن امام ابن خزیمہ کا متساہل ہونا ثابت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص304

محدث فتویٰ